Aurat

درما فلمز کا بہترین و نایاب شاندار شاہکار

औरत

Faiz

اداکاران:۔ بینا رائے۔ پریم ناتھ۔ پورنیما

الہاس وغیرہ وغیرہ

میوزک۔ شنکر جیکشن

عورت

قیمت ۱ر

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

عورت کے گانے

نمبر ۱

نینوں سے نین ہوئے چار آج میرا دل آ گیا
ارماں پہ چھائی ہے بہار آج میرا دل آ گیا
گھونگھٹ سے جھانکے میرے دل کے اشارے
دھڑکن میں آن بسے بن کے ہمارے
دولہن بنے گا میرا پیار۔ آج میرا دل آ گیا۔ نینوں سے نین...
تم ہی سے میرے گلشن کھلا ہے
کہنے کی بات نہیں ہیرا ملا ہے۔ مجھے ہیرا ملا ہے
بات نرالی ہے مزیدار آج میرا دل آ گیا۔ نینوں سے...
الفت کے ساز چھیڑے چاہت کا گیت ہے
تم نے بھی دل اٹھائے تیری ہی محبت ہے
خوشیاں منائیں گے ہزار۔ آج میرا دل آ گیا

نمبر ۲

الفت کا ساز چھیڑ داستاں سہانا ہے
جلوے بھی ناچ اٹھے دل کا ترانہ ہے
در پہ حضور آئے دیکھے مراد ہم بھی
اتنی سی آرزو ہے رہ جائے یاد ہم بھی۔ الفت...

دونوں جہاں ہم بھی تم بھی نثار کریں
قدموں میں چاند تارے سمجھے ہزاروں۔ اُلفت
محفل میں آج شمع کردے گی نام روشن
تھامے گا آج کوئی دل کا حسین دامن۔ اُلفت ....

نمبر ٣

آ سُن لے میرے دل کی پکار
سُونا سُونا ہے جہاں دے پیار کو ہزار ..
میرے تاجدار دل چلا چھوڑ کے کہاں
دل کا تڑپنا کیسے دکھائے قدموں پہ گر کر آنسو بہائے
آ رونے لگا میرا سنگار سُن لے میرے دل کی پکار
کہتا نہیں کچھ دل بھی ہمارا شرم و حیا ہے جب سے پیارا
آنسو کریں تجھ پہ نثار سُن لے میرے دل کی پکار
آنکھوں کی نیند لیکے چلا تو درد محبت دے کے چلا تو
کیسے ہو گا یہ انتظار سُن لے میرے دل کی پکار سُونا سُونا

نمبر ٤

درد اُلفت ہائے درد اُلفت چھپاؤں کہاں
دل کی دنیا بساؤں کہاں۔ درد اُلفت چھپاؤں کہاں
چھپکے سے وہ میرے دل میں سمائے

اُنہیں لیکے جاؤں کہاں ۔ دردِ اُلفت ......
چاہت ہے نازک ظالم ہے زمانہ
میں بچ کے بھی جاؤں کہاں ۔ دردِ اُلفت ...
اُنہیں دیکھ شرما کے پوچھا نظر نے
وہ آئیں سمجھاؤں کہاں ۔ دردِ اُلفت چھپاؤں کہاں

نمبر ۵

آج کی رات کبھی ختم نہ ہونے آئے
رد ہو گئی ہے صبح آج نہ ہونے پائے
وہ آئیں گے خوشی سے بہاریں ساتھ لائیں گے
میرے دل میں محبت کے نظارے مسکرائیں گے۔
مزا اِس انتظاری کا کوئی پوچھے میرے دل سے
تمنا جھوم کر کہتی ہے ہر دم دل کی محفل سے ۔ وہ آئینگے
میرے ارمان اترا کر تڑپ کر بات کہتے ہیں
وہی مہمان آنے ہیں جو میرے دل میں رہتے ہیں۔ وہ آئینگے
سنائیں گے اُنہیں حسرت بھری آنکھوں سے افسانہ
جو ہم سے ہو سکا تو ان کو دیں گے دل کا نذرانہ ۔ وہ آئینگے

نمبر ۶

وہ جب گرم ٹھہرو ذرا ہم تو بجھے لینے دے

جس نے مٹایا ہے مجھے اُس کو مٹانے دے۔ درد...

دل کی لگی کیا ہے جان لیں تو بہت اچھا ہو

میں جو مٹ مٹ کے جان دوں تو بہت اچھا ہو

کل جہاں بسایا تھا آج مٹا لینے دے۔ دردِ جگر

میری بربادِ محبت

وفا کا اِس جہاں میں ہے آنسوؤں ہی صلہ

جلے میری لگی تو مجھے اپنی سزا لینے دے۔ دردِ جگر...

بت نہ جگے میری مایوس صدا لوٹ آئی

بیٹھ کے مجھ سے رو رہی ہے میری تنہائی

کب تلک جلے یہ شمع اب تو بجھ لینے دے۔ دردِ جگر....

نمبر ۶

آنکھوں آنکھوں میں تم کو چھپا کے دیکھ لیا

دل کی دنیا میں تم کو بلا کے دیکھ لیا۔ آنکھوں..

ستم دنیا کے ہمیں ہم بھی پا کے جائیں گے

ہم اپنے آپ کو تم پہ مٹا کے جائیں گے

تیری اُلفت میں دل کو جلا کے دیکھ لیا۔ آنکھوں.....

تمہارے درد کو دل سے لگائے بیٹھے ہیں

نظر کا تیر کلیجے پہ کھائے بیٹھے ہیں

کیسے بھولیں گے تم کو بھلا کے دیکھ لیا۔ آنکھوں ......
تجھے خبر نہیں ورنہ اجل سے شیدا ہوں
میرا تو پیار مذہب ہے نرالی دنیا ہوں
دیکھو دیکھو جی دامن بچا کے دیکھ لیا۔ آنکھوں ....

نمبر ۸

اپنے رُٹھ جانے کا ہم یہ بھی سماں دیکھا کئے
وہ ہمیں رُلا گئے ہم بے زبان دیکھا کئے
بے وفا نے دے دیا غم زندگانی لوٹ لی
توڑ ڈالا دل ہمارا سُشا رمائی لوٹ لی۔ بے وفا ...
آج کن آنکھوں سے دیکھیں میز سے ملتا ہوا
وکس نے پیار کی جلتی نشانی لوٹ لی۔ بے وفا نے ...
جانے تم نے کیا کیا قصہ ادھورا رہ گیا
اپنی باتیں چھوڑ کر میری کہانی لوٹ لی۔ بے وفا ....
چھین کر خوشیاں ہماری ہم کو دی بے چینیاں
تو نے ظالم پیار کی قیمت نہ جانی لوٹ لی۔ بے وفا ....

نمبر ۹

ظلم ہے۔ یہ دنیا بنائی ہے کس بے رحم نے
بڑا ظلم دیکھا زمانے میں ہم نے

وہ رنگین بچپن جو جا کے نہ آیا

جوانی نے آتے ہی دل کو جلایا

اُلجھتی گئی میری منزل کی راہیں

دیا مجھ کو دھوکہ میرے ہر قدم نے ۔ بڑا ظلم ...

امیروں نے دولت سے چاہت خریدی

غریبوں کی معصوم قسمت خریدی

او انسان سب جان کر بھی تو چپ ہے

گلے باندھ رکھا ہے کس کے بھرم نے بڑا ظلم ...

ارے آسماں کیوں چپ ہے کیوں بول کچھ تو

رحم کے سمندر ارے ڈول کچھ تو

ہے کس حال میں دیکھ لے تیری دُنیا

یہ کیا کر دیا تیرے رحم و کرم نے ۔ بڑا ظلم ......

بدلتے ہیں موسم تو بدلے گی دُنیا

جہاں کو بدل کر ہی دم لے گی دنیا

ستاروں سے اونچی ہے ہستی ہماری

نئی جان ڈالی اُمیدوں کے غم نے

بڑا ظلم ....

ختم شد

صنعت و حرفت کے خفیہ راز

مصنف نے اس کتاب میں اپنی معلومات کا خزانہ جمع کر دیا ہے۔ کس طرح ایک غریب انسان تجارت کے ذریعہ نمایاں ترقی کرتا ہوا چند دنوں کے اندر مالدار بن سکتا ہے۔ یورپ۔ امریکہ۔ جاپان کی بڑی بڑی تجارتی کمپنیوں کے فارمولے۔ ہزارہا اشیا بنانے کے قیمتی نسخے۔ صابن۔ تیل۔ کریم۔ پاؤڈر اور روزمرہ زندگی میں کام آنے والی سینکڑوں چیزوں کو بنانے اور بکری کرنے کے طریقے درج کئے ہیں۔ گویا تجارت کے متعلق ایک جامع اور مکمل کتاب ہے۔ ہزارہا بے روزگاروں کو ہزاروں روپیہ کی تجارت سکھا کر مالدار بنا چکی ہے۔

قیمت صرف -/3 محصولڈاک -/6/-

ملنے کا پتہ

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

(کمال پرنٹنگ پریس دہلی)